مطبوعات

اوج ثریا مصنف: مولانا محمد یوسف صاحب قریشی۔ ناشر: مؤتمر المؤلفین جامعہ اشرفیہ پشاور۔
صفحات: ۲۰۸ قیمت: ۱۵/۰ روپے

یہ کتاب پشاور کے معروف دینی ادارے جامعہ اشرفیہ کے مہتمم، اور تاریخی جامع مسجد مہابت خان کے خطیب، صوبہ سرحد کی معروف علمی شخصیت مولانا محمد یوسف صاحب قریشی کے رشحاتِ قلم کا ایک قیمتی شہ پارہ ہے۔

مولانا محترم دینی حلقہ کے پختہ کار عالم اور صاحب تصنیف بزرگ ہیں۔ موصوف کی اس کے علاوہ دیگر تصانیف میں سے الدعوۃ الی الخیر، اسلام کا نظامِ قضا، نشہ اقتدار اور حد رجم، مشہور و معروف ہیں۔ یہ جملہ کتب اپنے موضوع کی انفرادیت کے اعتبار سے دلچسپ اور قابل مطالعہ ہیں۔

"اوج ثریا" نامی کتاب میں موصوف نے اسلام کے ایک بنیادی رکن روزہ کے متعلق قابلِ قدر مستند مواد ایک اچھے اور موزوں اسلوب اور بہترین ترتیب سے جمع کیا ہے، کاوش قابل داد ہے۔

ماہ صیام کی آمد آمد ہے یہ وہ مبارک مہینہ ہے جس میں نیکیاں پروان چڑھتی پھلتی پھولتی ہیں۔ جسے بجا طور پر نیکیوں کا موسم بہار کہا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر اس کتاب کا آنا مفید ہے۔

آخر میں ایک ضروری نکتہ کی جانب توجہ بھی مبذول کراتا ہے۔ وہ یہ کہ اس کتاب کے صفحہ ۲۴ پر ایک حدیث منقول ہے۔

بدأ الاسلام غریبا وسیعود کما بدأ الخ

ترجمہ:۔ اسلام کی ابتداء غریبوں سے اور انتہاء میں اس میں غریب ہی رہ جائیں گے۔ اگر اس سے مراد یہ ہے کہ ابتداء میں اسلام کی نعمت سے مشرف ہونے والے سبھی غریب و نادار تھے۔ تو پھر حضرت خدیجۃ الکبریٰ، حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عثمان، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف

رضی اللہ عنہم کس زمرہ میں شمار ہوں گے۔

میرے خیال میں صحیح مفہوم یہ ہے کہ اسلام کی ابتداء بالکل اجنبی، غیر مانوس ماحول اور معاشرے میں ہوئی اور اسلام اور مسلمانوں کو اجنبی سمجھا گیا۔ اسی طرح آخری دور میں لوگ اسلام سے اتنے غافل ہو جائیں گے کہ اسلام پھر اجنبی بن کر رہ جائے گا۔

افسوس ہے کہ اس کتاب میں کتابت کی خاصی غلطیاں رہ گئی ہیں۔

سورۃ البقرہ (سلسلہ اشاعت: آسان ترجمہ قرآن مجید)

ناشران: ۱۔ مسلم اکادمی، محمد نگر لاہور ۲۔ پاک مسلم اکادمی، الفضل مارکیٹ، ۱۷۔ اردو بازار لاہور
سائز ۱۷×۲۷ صفحات: ۲۸۰، سفید کاغذ، قیمت قسم اعلیٰ: ۲۴/- روپے عام ۲۱/- روپے

حافظ نذر احمد صاحب کی علمی دنیا کی اس تالیف کا ایک منفرد کارنامہ یہ ہے کہ آپ نے سورہ البقرہ کے آخر میں اس سورۃ کے تمام مادہ ہائے افعال مرتب کر دیئے ہیں —— صرف یہی نہیں بلکہ پورے قرآن مجید کے مادہ ہائے افعال (مجرد اور ثلاثی مزید فیہ) کے دو چارٹ دو رنگوں میں حروف ابجد کی ترتیب کے ساتھ پیش کئے ہیں۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ ہر لفظ الگ الگ ترجمہ ہے۔

اعراب اور کتابت کی چند اغلاط ضرور ہیں۔ امید ہے کہ دوسرے ایڈیشن میں انہیں درست کر لیا جائے گا۔

یادوں کے خطوط مرتب: محمد یونس ناشر: اسلامی مکتبہ، حیدر آباد (دکن) ہندوستان

ضخامت: ۱۲۸ صفحات سائز: ۱۸×۲۲

محمد یونس صاحب حیدر آباد دکن سے تحریک اسلامی کے قدیمی رفقاء اور رہنماؤں میں سے ایک ہیں۔ اچھے منتظم اور صاحب قلم بھی ہیں۔ یونس صاحب نے اس طویل جدوجہد کے دوران میں مشاہیر خصوصاً جماعت اسلامی سے متعلق رہنماؤں کے چند اُن قیمتی خطوط کو یکجا کر دیا ہے جو